Urdu

HM Government




# وہ تمام چیزیں جن کی آپ
# کو یکم جولائی 2007 کو تمباکو نوشی
## کے دھوئیں سے آزادی کے نئے قانون کے لئے
## تیار ہونے کے لئے ضرورت ہے

SMOKEFREE

NHS

# تمباکو نوشی کے دھوئیں سے آزادی کے
## نئے قانون سے متعلق ایک مستعد گائیڈ

- اتوار، یکم جولائی 2007 کو انگلینڈ تمباکو نوشی سے پاک ہو جائے گا۔ نیا قانون ملازمین اور پبلک کو بالواسطہ تمباکو نوشی کے نقصان دہ اثرات سے بچانے کے لئے متعارف کرایا جا رہا ہے۔
- یکم جولائی 2007 سے تقریباً تمام بند مقامات، کام کی جگہوں اور پبلک کی اور کام کی گاڑیوں میں تمباکو نوشی کرنا خلافِ قانون ہو گا۔ اس قانون سے بہت کم استثنائیں ہوں گی۔
- تقریباً تمام پبلک کے مقامات اور کام کی جگہوں میں تمباکو نوشی کے اندرونی کمروں کی مزید اجازت نہیں دی جائے گی۔
- تمباکو نوشی سے پاک پریمیزز یعنی عمارات معہ متعلقات اور گاڑیوں کے منیجروں پر لوگوں کو تمباکو نوشی سے روکنے کی قانونی ذمہ داریاں عائد ہوں گی۔
- نئے قانون کا تقاضا ہو گا کہ تمباکو نوشی سے پاک تمام جگہوں اور گاڑیوں میں تمباکو نوشی سے ممانعت کے سائن لگائے جائیں۔
- نئے قانون کا اطلاق کسی بھی ایسی چیز پر ہوتا ہے جس کا سگریٹ کی طرح کش لیا جا سکے۔ اس میں سگریٹ، پائپ (بشمول واٹر پائپ جیسے کہ شیشہ اور حقہ کے پائپ)، سیگار اور جڑی بوٹیوں کے سگریٹ شامل ہیں۔
- نئے قانون کی تعمیل نہ کرنا ایک فوجداری جرم ہو گا۔ تمباکو نوشی کے دھوئیں سے آزادی سے منسلک جرائم کی سزائیں اور جرمانے نیچے دیئے گئے ہیں (رعایتی رقموں کے لئے صفحہ 15 دیکھئے):

**تمباکو نوشی کے دھوئیں سے پاک پریمیزز یا کام کی گاڑیوں میں تمباکو نوشی:** تمباکو نوشی کرنے والے فرد پر £50 کا مقررہ جرمانے کا نوٹس۔ یا اگر کسی عدالت میں مقدمہ کیا گیا اور جرم ثابت ہو گیا تو زیادہ سے زیادہ £200 جرمانہ۔

**تمباکو نوشی سے ممانعت کے سائن لگانے میں کوتاہی:** جو شخص تمباکو نوشی کے دھوئیں سے پاک عمارتوں یا گاڑیوں کی دیکھ بھال کرتا یا ان میں رہتا ہے، اُس پر اگر کسی عدالت میں مقدمہ کیا گیا اور جرم ثابت ہو گیا تو زیادہ سے زیادہ £1000 جرمانہ۔

**تمباکو نوشی کے دھوئیں سے پاک جگہوں میں تمباکو نوشی کو روکنے میں ناکام رہنا:** جو شخص تمباکو نوشی کے دھوئیں سے پاک پریمیزز یا گاڑی کی دیکھ بھال کرتا یا ان پر کنٹرول رکھتا ہے اُس پر اگر کسی عدالت میں مقدمہ کیا گیا اور جرم ثابت ہو گیا تو زیادہ سے زیادہ £2500 جرمانہ۔

- مقامی کونسلیں نئے قانون کے نفاذ کے لئے ذمہ دار ہوں گی۔ وہ نئے قانون کے تحت اپنی قانونی ذمہ داریوں کو پورا کرنے میں کاروباروں کی مدد کرنے کے لئے معلومات اور مدد کی پیشکش کریں گی۔

آپ نئے قانون کے بارے میں مزید معلومات سموک فری انگلینڈ کی اِس وَیب سائٹ پر تلاش کر سکتے ہیں **smokefreeengland.co.uk** ۔ آپ معلومات اور مدد کے لئے اپنی مقامی کونسل سے بھی رابطہ کر سکتے ہیں۔

# فہرستِ مضامین

انگلینڈ تمباکو نوشی سے پاک کیوں ہو رہا ہے ؟ 3

مجھے کو تمباکو نوشی سے پاک ہونے کے لئے کیا کچھ کرنے کی ضرورت ہے ؟ 5

کونسی جگہوں کا تمباکو نوشی کے دھوئیں سے پاک ہونا ضروری ہے؟ 9

مجھے کونسے سائن لگانے کی ضرورت ہے؟ 13

تمباکو نوشی کے دھوئیں سے آزادی کا نیا قانون کس طرح نافذ کیا جائے گا؟ 15

کیا نئے قانون سے استثنائیں ہیں ؟ 16

اکثر پوچھے جانے والے سوالات ۔ 20

تمباکو نوشی کے دھوئیں سے آزادی کی مجوزہ پالیسی ۔ 21

تمباکو نوشی کے دھوئیں سے پاک جگہ میں تمباکو نوشی سے کس طرح نمٹا جائے۔ 23

پڑتال کی لِسٹ ۔ 25

یہ ہدایات ڈیپارٹمنٹ آف ہیلتھ نے اُن لوگوں کی مدد کے لئے تیار کی ہیں جن پر عام مقامات اور کام کی جگہوں کی انتظامی ذمہ داری ہے، تاکہ وہ تمباکو نوشی کے دھوئیں سے آزادی کے نئے قانون کو سمجھ سکیں اور اس پر عمل کر سکیں۔ ہم نے اتوار ، یکم جولائی 2007 کو آپ کے عام مقامات یا کام کی جگہوں کو تمباکو نوشی کے دھوئیں سے پاک ہونے میں مدد کرنے کے لئے مفت ذرائع بھی شامل کئے ہیں۔

یہ تمباکو نوشی کے دھوئیں سے آزادی کے نئے قانون سے متعلق حکومت کی طرف سے سرکاری گائیڈ ہے۔ اس گائیڈ کا مقصد عمومی معلومات فراہم کرنا ہے اور اس میں ہر ایسی صورتِ حال کا احاطہ نہیں کیا جا سکتا جہاں نئے قانون کا اطلاق ہو گا۔ اگر آپ اپنے مخصوص حالات کے بارے میں مشورہ حاصل کرنا چاہتے ہیں ، تو ہم مشورہ دیں گے کہ آپ اپنی مقامی کونسل سے رابطہ کریں یا اپنے طور پر قانونی مشورہ حاصل کریں۔




یکم جولائی 2007 سے تقریباً
تمام بند عام مقامات اور کام
کی جگہیں تمباکو نوشی کے
دھوئیں سے پاک ہو
جائیں گی۔

# انگلینڈ تمباکو نوشی کے دھوئیں
# سے پاک کیوں ہو رہا ہے ؟

تمباکو نوشی کے دھوئیں کے آزادی کا نیا قانون ملازمین اور پبلک کو بالواسطہ تمباکو نوشی کے نقصان دہ اثرات سے بچانے کے لئے متعارف کرایا جا رہا ہے۔

بالواسطہ دھواں صحت کے لئے ایک سنگین خطرہ ہے، اور اس کے سامنا کرنے کی کوئی محفوظ سطح نہیں ہے۔ جب بھی کوئی شخص مستعمل دھوئیں میں سانس لیتا ہے ، تو وہ 4,000 سے زیادہ کیمیاوی مادوں میں سانس لینا ہوتا ہے۔ بہت سے نہایت زہریلے ہوتے ہیں۔ان میں سے 50 سے زیادہ سرطان پیدا کرنے کے لئے جانے جاتے ہیں۔

طبّی اور سائنسی ثبوت سے ظاہر ہوتا ہے کہ بالواسطہ تمباکو نوشی سنگین عارضوں کے خطرے میں اضافہ کرتی ہے۔ جیسے کہ پھیپھڑوں کا سرطان ، دل کی بیماری ، دمہ کے حملے ، بچپن میں سانس کی بیماری ، شیرخوار بچے کی اچانک موت کی بیماری کی مجموعی علامات ( ایس آئی ڈی ایس ) اور پھیپھڑوں کی کارکردگی میں کمی ۔

سائنسی ثبوت سے یہ بھی ظاہر ہوتا ہے کہ بند جگہوں میں ہوا داری صحت کے لئے بالواسطہ تمباکو نوشی کے خطرات کو کم نہیں کرتی۔ موثر تحفظ فراہم کرنے کا واحد طریقہ یہی ہے کہ پہلے لوگوں کو دوسری طرف سے آنے والے دھوئیں میں سانس لینے سے ہی روک لیا جائے ۔ اسی لئے حکومت تمباکو نوشی کے دھوئیں سے آزادی کے نئے قانون کو متعارف کرا رہی ہے۔

یہ اندازہ لگایا جاتا ہے کہ نیا قانون اگلی دھائی کے دوران ہزاروں زندگیاں بچائے گا ، سنگین بیماریوں کی روک تھام کرے گا اور ہر کسی کے کام کرنے یا وہاں آنے جانے کے لئے زیادہ صاف اور تندرست ماحول پیدا کرنے میں مدد کرے گا۔

**بالواسطہ تمباکو نوشی کے دھوئیں میں 4,000 سے زیادہ کیمیاوی مادے ہوتے ہیں۔ ان میں سے 50 سے زیادہ سرطان پیدا کرنے کے لئے جانے جاتے ہیں۔**

**85% کے قریب بالواسطہ تمباکو نوشی کا دھواں نظر نہیں آتا اور بغیر بو کے ہوتا ہے۔**

آپ نئے قانون کے بارے میں مزید معلومات سموک فری انگلینڈ کی اِس وَیب سائٹ پر تلاش کر سکتے ہیں **smokefreeengland.co.uk** ۔ آپ معلومات اور مدد کے لئے اپنی مقامی کونسل سے بھی رابطہ کر سکتے ہیں۔



کوئی بھی شخص جو تمباکو نوشی کے دھوئیں سے پاک پریمیز کا اِنچارج ہو اُس پر قانونی ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ وہ اِن کے اندر لوگوں کو تمباکو نوشی کرنے سے روکے۔

# مجھے تمباکو نوشی کے دھوئیں سے پاک ہونے کے لئے کیا کرنا چاہئے ؟

## تمباکو نوشی کے دھوئیں سے پاک ہونے کی تیاری

اگر آپ ایسے پریمیزز یا گاڑیوں کی دیکھ بھال کرتے ہیں یا اس کے انچارج ہیں جن پر نئے قانون کا اطلاق ہوتا ہے ( صفحہ 9 دیکھئے)، تو آپ پر اِس بات کا اطمینان کرنے کی قانونی ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ وہ تمباکو نوشی کے دھوئیں سے پاک ہو جائیں اور پاک رہیں۔

بروز اتوار، یکم جولائی کو جب نیا قانون نافذ ہو گا تو اس کے لئے تیار رہنے کے لئے آپ کو اس بات کا اطمینان کرنا ہو گا کہ :

- آپ نے تمباکو نوشی سے ممانعت کے تمام سائن لگائے ہوئے ہیں ( صفحہ 13 دیکھئے)
- آپ کا عملہ، خریدار، ارکان یا ملاقاتی یہ جانتے ہیں کہ آپ کے پریمیزز اور کام کی گاڑیوں کے لئے قانونی تقاضے کے مطابق تمباکو نوشی سے پاک رہنا ضروری ہے
- آپ نے عمارت کے اندر تمباکو نوشی کے تمام موجودہ کمرے ختم کر دیئے ہیں۔

## اپنے پریمیزز اور گاڑیوں کو تمباکو نوشی کے دھوئیں سے پاک رکھنا

جب نیا قانون لاگو ہو جائے گا تو تمباکو نوشی کے دھوئیں سے پاک پریمیزز اور گاڑیوں کو کنٹرول کرنے اور ان دیکھ بھال کرنے والوں پر یہ قانونی ذمہ داری عائد ہوگی کہ وہ لوگوں کو ان میں تمباکو نوشی کرنے سے روکیں ۔

آپ کو یہ دکھانا ہو گا کہ آپ نے نئے قانون کے تقاضوں کو پورا کرنے کے لئے مناسب اقدامات کئے ہیں۔ ان میں درجِ ذیل شامل ہو سکتے ہیں :

- ایش ٹریز اٹھالینا
- تمباکو نوشی سے پاک پالیسی کو متعارف کروانا( دیکھئے نیچے ) ۔
- نئے قانون اور اپنی ذمہ داریوں کو سمجھنے کے لئے عملے کو تربیت دینا

## آپ کے کاروبار کے لئے تمباکو نوشی کے دھوئیں سے پاک پالیسی کو متعارف کرنا

ہوسکتا ہے آپ اپنے کام کی جگہ کے لئے تمباکو نوشی سے پاک پالیسی کو متعارف کرانا چاہیں۔ اس سے آپ کو اِس بات کا اطمینان کرنے میں مدد ملے گی کہ ملازمین کو تمباکو نوشی کے دھوئیں سے آزادی کے نئے قانون کے بارے میں علم ہے اور یہ کہ اَب وہ تمباکو نوشی کے دھوئیں سے پاک ماحول میں کام کرتے ہیں۔ یہ پالیسی اُن کو یہ بھی بتائے گی کہ نئے قانون پر عمل کرنے کے لئے اُنہیں کیا کرنے کی ضرورت ہے۔

آپ کی تمباکو نوشی کے دھوئیں سے پاک ہونے کی پالیسی ملازمین اور ان کے نمائندوں کے ساتھ مشاورت کے تحت تشکیل ہونی چاہئے۔

تمباکو نوشی کے دھوئیں سے پاک ہونے کی پالیسی آپ اور آپ کے ملازمین کے درمیان ایک زبانی مفاہمت سکتی ہے ؛ آپ کی موجودہ کمپنی یا صحت اور تحفظ کی پالیسیوں میں شامل ہوسکتی ہے ، یا ہوسکتا ہے آپ ایک علیحدہ تحریری پالیسی تیار کرنا چاہیں۔

ہم نے اس گائیڈ میں تمباکو نوشی کے دھوئیں سے پاک ہونے سے متعلق ایک مجوزہ پالیسی فراہم کی ہے۔ آپ اسموک فری انگلینڈ کی اِس وَیب سائٹ سے بھی اِسے ڈاؤن لوڈ کر سکتے ہیں smokefreeengland.co.uk/resources



اگر کوئی شخص تمباکو نوشی سے
پاک ایسی جگہ پر تمباکو نوشی
کرے جس کے لئے
منیجر ذمہ دار ہوں تو اُنہیں اس
سلسلے میں اقدام کرنے کے لئے
تیار ہونے کی ضرورت ہو گی ۔

## اگر کوئی شخص تمباکو نوشی کے دھوئیں سے پاک ایسی جگہ میں تمباکو نوشی کرے جس کے لئے میں ذمہ دار ہوں ، تو مجھے کیا کرنا چاہئے ؟

دیگر ممالک کے تجربے کی بنیاد پر ہمیں اعتماد ہے کہ لوگ نئے قانون کا احترام کریں گے۔ تاہم ، اگر کوئی شخص تمباکو نوشی کے دھوئیں سے پاک ایسے پریمیزز یا گاڑیوں ایسی عمارت یا گاڑی میں تمباکو نوشی کرے جس کے لئے آپ ذمہ دار ہوں ، تو آپ کو اقدام کرنے کے لئے تیار رہنے کی ضرورت ہو گی۔ ہمارا مشورہ یہ ہے کہ :

- اُس شخص کی توجہ تمباکو نوشی سے ممانعت کے سائن پر مبذول کروائیں اور ان سے تمباکو نوشی بند کرنے کی گزارش کریں
- اس بات کی نشاندہی کریں کہ وہ تمباکو نوشی کے دھوئیں سے پاک پریمیزز یا گاڑی میں تمباکو نوشی کر کے ایک فوجداری جرم کر رہے ہیں
- اُس شخص کو یاددہانی کروائیں کہ قانون کے تحت آپ پر تمباکو نوشی کو روکنے کی ذمہ داریاں عائد ہوتی ہیں اور یہ کہ آپ دونوں کو جرمانہ ہوسکتا ہے۔

آپ کو کسی ایسے شخص کو سروس نہ دینے یا اسے سروسز فراہم نہ کرنے پر غور کرنا چاہئے جو تمباکو نوشی کے دھوئیں سے پاک جگہ پر تمباکو نوشی کے ذریعے تمباکو نوشی کے دھوئیں سے آزادی کے قانون کی خلاف ورزی کررہا ہے۔

اگر کوئی خریدار یا ملاقاتی تمباکو نوشی جاری رکھے ، تو آپ اُن سے پریمیزز سے چلے جانے کے لئے کہہ سکتے ہیں۔ اگر کوئی ملازم قانون کی خلاف ورزی کرے ، تو ہوسکتا ہے آپ انضباطی اقدام اٹھانے پر غور کرنا چاہیں۔ اگر تمباکو نوشی کرنے والے فرد کی طرف سے جسمانی دھمکی دی جائے ، تو ہم مشورہ دیتے ہیں کہ آپ پولیس کو اطلاع دیں اور / یا اُن سے مدد حاصل کریں۔

**اس دستاویز کی پشت پر ایک فلو چارٹ شامل کیا گیا ہے جو علیحدہ کیا جا سکتا ہے اور جس میں اُن مناسب اقدامات کے بارے میں مشورہ دیا گیا ہے جو آپ تمباکو نوشی کے دھوئیں سے پاک پریمیزز یا گاڑی میں تمباکو نوشی سے نمٹنے کے لئے کر سکتے ہیں ۔**

## کیا کسی ایسے شخص کے لئے مدد دستیاب ہے جو تمباکو نوشی ترک کرنا چاہتا ہے ؟

تمباکو نوشی کرنے والے تقریباً 70% افراد کہتے ہیں کہ وہ تمباکو نوشی ترک کرنا چاہتے ہیں اور تمباکو نوشی کے دھوئیں سے آزادی کا نیا قانون ایسا کرنے میں مزید تحریک فراہم کر سکتا ہے۔ اگر آپ تمباکو نوشی ترک کرنے میں اپنے عملے یا خریداروں کی مدد کرنا چاہتے ہیں ، این ایچ ایس سے بہترین مفت مدد دستیاب ہے ۔اس میں درج ذیل شامل ہے :

- **لوکل این ایچ ایس اسٹاپ اسموکنگ سروسز ( تمباکو نوشی ترک کرنے سے متعلق این ایچ ایس کی مقامی خدمات )** ۔ اپنی مقامی سروس کا پتہ لگانے کے لئے این ایچ ایس اسموکنگ ہیلپ لائن کو اس نمبر پر مفت فون کیجئے 169 0 169 0800 ، یہ ویب سائٹ دیکھئے **gosmokefree.co.uk** ، 88088 پر 'GIVE UP' اور اپنا پورا پوسٹ کوڈ ٹیکسٹ کیجئے ، یا اپنے مقامی جی پی کی پریکٹس، فارمیسی یا اسپتال میں دریافت کیجئے ۔
- **این ایچ ایس اسموکنگ ہیلپ لائن** ۔ اس نمبر پر فون کر کے کوئی بھی شخص کسی ماہر مشیر سے بات کر سکتا ہے 169 0 169 0800 (لائنیں روزانہ صبح 7 بجے سے رات 11 بجے تک کھلی ہوتی ہیں)۔
- **gosmokefree.co.uk** ۔ ترک کرنے اور اس سے باز رہنے سے متعلق تمام مشوروں ، معلومات اور مدد کے لئے انٹرنیٹ پر ایک ذریعہ ۔
- **ٹوگیدَر** : اس پروگرام میں شامل ہونا مفت ہے ، اور اسے طبی ریسرچ اور سابقہ تمباکو نوشی کرنے والوں کے گہرے علم کو استعمال کرتے ہوئے تمباکو نوشی ترک کرنے میں افراد کی مدد کرنے کے لئے وضع کیا گیا ہے۔ آپ ای میل ، ٹیکسٹ میسیج ، ڈاک کے ذریعے پیک حاصل کرنے اور فون کالوں میں سے کوئی بھی راستہ اختیار کر سکتے ہیں۔ تفصیلات کے لئے این ایچ ایس اسموکنگ ہیلپ لائن کو اس نمبر پر فون کیجئے 169 0 169 0800 یا یہ ویب سائٹ ملاحظہ کیجئے **gosmokefree.co.uk**

آجر دفتری اوقات کے دوران یا ان سے باہر اپنے ملازمین کے لئے مدد کے بارے میں اپنی مقامی این ایچ ایس اسٹاپ سموکنگ سروس سے بات کر سکتے ہیں۔

نیشنل اِنسٹی ٹیوٹ فار ہیلتھ اینڈ کلینکل ایکسیلنس ( این آئی سی ای ) کی طرف سے نئی ہدایات آجروں کو مشورہ دیں گی کہ وہ تمباکو نوشی ترک کرنے میں ملازمین کی مدد کس طرح کر سکتے ہیں ۔ مزید معلومات کے لئے **nice.org.uk** ملاحظہ کیجئے۔



نیا قانون ہر کسی کے لئے کام
کرنے یا ملاقات کرنے کے
لئے صاف ستھرے اور زیادہ
تندرست ماحول پیدا کرنے میں
مدد دے گا۔


# کونسی جگہیں تمباکو نوشی
# کے دھوئیں سے پاک ہونی چاہئیں؟

## تمباکو نوشی کے دھوئیں سے پاک عام مقامات اور کام کی جگہیں

تمباکو نوشی کے دھوئیں سے آزادی کے نئے قانون کا اطلاق تقریباً تمام ' بند' اور ' خاصی حد تک بند' عام مقامات اور کام کی جگہوں پر ہو گا ۔اس میں تمام مستقل اور عارضی تعمیرات جیسے کہ خیمے اور شامیانے شامل ہیں۔ اس کا مطلب یہ بھی ہے کہ عام مقامات اور کام کی جگہوں پر تمباکو نوشی کے اندرونی کمروں کی مزیداجازت نہیں ہو گی۔


پریمیزز کو **'بند'** تصور کیا جائے گا اگر ان پر اندرونی چھت یا چھت ہے اور ( دروازوں ، کھڑکیوں اور / یاراہ گزر کو چھوڑ کر ) وہ مستقل یا عارضی طور پر بالکل بند ہوں ۔

پریمیزز کو **'خاصی حد تک بند'** تصور کیا جائے گا اگر ان پر اندرونی چھت یا چھت ہے، لیکن دیواروں میں کھلی جگہ ہے ، جو دیواروں کے کُل رقبہ کے نصف سے کم ہے ۔ کھلی جگہ کے حصے میں دروازے ، کھڑکیاں یا کوئی ایسی دوسری تنصیبات شامل نہیں ہیں جو کھل یا بند ہو سکتی ہوں ۔



تصویر 1

کافی حد تک بند پریمیزز کی مثال ✗



تصویر 2

ناکافی حد تک بند پریمیزز کی مثال ✓

**اگر آپ اس بارے میں مزید مشورہ حاصل کرنا چاہتے ہیں کہ آیا آپ کے پریمیزز ' بند' یا ' خاصی حد تک بند' ہیں تو برائے مہر بانی اپنی مقامی کونسل سے رابطہ کیجئے۔**

ملازمین یا پبلک کے ارکان کے لئے تمباکو نوشی کے شیلٹر یابیرونی جگہیں فراہم کرنا نا لازمی نہیں ہے ۔

اگر آپ شیلٹر تعمیر کرنے کا فیصلہ کریں ، تو ہم آپ کو مشورہ دیتے ہیں کہ آپ اپنے منصوبوں کے بارے میں اپنی مقامی کونسل سے بات چیت کیجئے ، کیونکہ ہو سکتا ہے ایسے مختلف معاملات ہوں جن پر آپ کو غور کرنے کی ضرورت ہو۔ اِن میں پلاننگ پرمیشن ، لائسنسنگ ، بلڈنگ کنٹرول ، شور اور کوڑا کرکٹ جیسے معاملات شامل ہو سکتے ہیں۔

برائے مہر بانی نوٹ کیجئے کہ محکمۂ صحت سموکنگ شیلٹروں کے ڈیزائن یا ان کی تعمیر کے بارے میں مشورہ فراہم نہیں کر سکتا ۔



کام کی گاڑیوں کو اگر ایک سے زیادہ افراد استعمال کریں تو لازمی ہے کہ وہ تمباکو نوشی کے دھوئیں سے پاک ہوں۔

## تمباکو نوشی سے پاک گاڑیاں

نئے قانون کا تقاضا یہ ہو گا کہ اگر گاڑیوں کو درج ذیل کے لئے استعمال کیا جائے تو وہ ہر وقت تمباکو نوشی کے دھوئیں سے پاک ہوں:

- ملک کے ارکانکو ایک سے دوسری جگہ منتقل نے کے لئے
- اگرایک سے زیادہ افراد انہیں با معاوضہ یا رضاکارانہ کام کے لئے استعمال کریں ۔ بلا لحاظ اس کے کہ آیا وہ ایک ہی وقت میں گاڑی کے اندر ہوں۔

تمباکو نوشی کے دھوئیں سے پاک گاڑیوں کے ہراُس کمپارمنٹ (حصے ) میں تمباکو نوشی سے ممانعت کا ایک نشان لگانے کی ضرورت ہو گی جس میں لوگوں کو لے جایا جا سکتا ہے۔ اس میں تمباکو نوشی سے ممانعت کا بین الاقوامی سائن لگانا لازمی ہے جس کا قطر 70 ملی میٹر سے کم نہیں ہونا چاہئے۔ ( مزید تفصیلات کے لئے صفحہ 13 دیکھئے) ۔

لوگوں کے حمل ونقل کے دوران ، تمباکو نوشی کے دھوئیں سے پاکجن گاڑیوں کی چھت ایک طرف ہٹائی یا اتاری جا سکتی ہو اُنہیں اُس صورت میں تمباکو نوشی کے دھوئیں سے پاک ہونے کی ضرورت نہیں ہے جب چھت پوری اتاری ہو یا ایک طرف ہٹائی ہوئی ہو۔

جو گاڑیاں زیادہ تر نجی استعمال کے مقاصد کے لئے استعمال کی جاتی ہیں اُن کے لئے تمباکو نوشی کے دھوئیں سے پاک ہونا لازمی نہیں ہو گا۔

اسکیس اور واٹر بورن وَیسل یعنی آب بردار گاڑیوں پر خاص قواعد کا اطلاق ہو گا، جن پر ڈیپارٹمنٹ فار ٹرانسپورٹ غور کر رہا ہے۔ مزیدمعلومات smokingonships@dft.gsi.gov.uk کے پتے پر ڈیپارٹمنٹ فار ٹرانسپورٹ کو ای میل کر کے یا اس نمبر پرفون کر کے دستیاب ہوسکتی ہیں 020 7944 5427 ۔

> یہ ہر اُس فرد کی قانونی ذمہ داری ہے کہ وہ لوگوں کو تمباکو نوشی منع کرے جو گاڑی کو چلاتا ، سنبھالتا یا اُس کے نظم ونسق یا تحفظ کے لئے ذمہ دار ہے۔

## نجی رہائش گاہیں

عموی طور پر نئے قانون میں نجی رہائشگاہیں شامل نہیں ہیں۔ تاہم ، پریمیزز کا کوئی بھی بند یا خاصی حد تک بند حصہ جو دیگر پریمیزز کے ساتھ مشترکہ ہو ، جیسے کہ فلیٹوں کے بلاک میں مشترکہ استعمال کی سیڑھیوں کے خلا میں یا لفٹ کے لئے تقاضا کیا جائے گا کہ وہ تمباکو نوشی کے دھوئیں سے پاک ہوں، اگر :

- یہ پبلک کے لئے کھلی ہو
- اسے کام کی جگہ کے طور پر استعمال کیا جاتا ہو ، مثلاً صفائی کرنے والا ، ڈاکیا یا سکیورٹی گارڈ ۔

قانون ضروری لوازمات سے آراستہ عارضی یا چھٹیوں کے استعمال کے لئے رہائشی جگہ کے لئے تمباکو نوشی کے دھوئیں سے پاک ہونے کا تقاضا نہیں کرتا ( مثلاً ہالیڈے کاٹج یا کیراوان)۔ لیکن ، ان کے مالکان رہائش کو تمباکو نوشی کے دھوئیں سے پاک بنانے کا انتخاب کر سکتے ہیں۔

کوئی بھی ایسا شخص جو اپنے کام کے سلسلے میں نجی رہائشگاہوں کا دورہ کرے ، مثلاً اشیاء فراہم کرنے ، یا سروسز فراہم کرنے کے لئے ، جیسے کہ پلمبنگ ، بلڈنگ یا ہیئر ڈریسنگ تو وہ اِس وَیب سائٹ سے مزید ہدایات ڈاؤن لوڈ کر سکتے ہیں **smokefreeengland.co.uk/resources**

## گھر سے کام کرنا

رہائشگاہ کا کوئی بھی حصہ جوصرف کام کے مقاصد کے لئے استعمال ہو اسے تمباکو نوشی کے دھوئیں سے پاک ہونا ہو گا اگر :

- اسے ایک سے زیادہ ایسے افراد استعمال کرتے ہیں جو اُس رہائشگاہ میں نہ رہتے ہوں
- پبلک کے اراکین اشیاء اور ر یا سروسز فراہم کرنے یا لینے کے لئے رہائشگاہ میں جاتے ہوں۔






اگر آپ تمباکو نوشی کے دھوئیں سے پاک عمارتوں یا گاڑیوں کی دیکھ بھال کرتے ہیں ، تو آپ پر اس بات کا اطمینان کرنے کی قانونی ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ تمباکو نوشی سے ممانعت کے مطلوبہ سائن لگائے گئے ہیں۔

# مجھے کونسے سائن لگانے کی ضرورت ہے؟

تمباکو نوشی کے دھوئیں سے پاک تمام پریمیزز اور گاڑیوں میں تمباکو نوشی سے ممانعت کے ایسے سائن لگانے کی ضرورت ہو گی جو نئے قانون پر پورا اترتے ہوں۔ یہ سائن اِس بات کو واضح کریں گے کہ کونسے پریمیزز اور گاڑیاں تمباکو نوشی کے دھوئیں سے پاک ہیں اور یہ اس بات کو ظاہر کریں گے کہ آپ نئے قانون کے تقاضوں پر پورا اترنے کے لئے ضروری اقدامات کر رہے ہیں۔

## تمباکو نوشی کے دھوئیں سے پاک پریمیزز کے لئے مطلوبہ سائن کونسے ہیں ؟

اتوار ، یکم جولائی سے تمباکو نوشی سے ممانعت کے سائن تمباکو نوشی کے دھوئیں سے پاک پریمیزز کے ہر داخلے کے مقامات پر ایک واضح جگہ لگانے کی ضرورت ہو گی۔ یہ سائن درج ذیل کم از کم تقاضوں پر پورے اترنے چاہئیں :

- ان کا رقبہ کم از کم A5 سائز کا ہونا چاہئے (210 ملی میٹر x 148 ملی میٹر)۔
- تمباکو نوشی سے ممانعت کا بین الاقوامی سائن لگانا چاہئے جس کا قطر کم از کم 70 ملی میٹر ہو
- درج ذیل الفاظ کو ایسے حروف میں درج کیا جائے جو باآسانی پڑھے جا سکتے ہوں :

**'No smoking. It is against the law to smoke in these premises'** (تمباکو نوشی کرنا منع ہے ۔ اِن پریمیزز میں تمباکو نوشی کرنا خلافِ قانون ہے)۔

آپ اس سائن پر'ان کی جگہ، پریمیزز کا نام یا پریمیزز کی قسم کا حوالہ دینے کے لئے الفاظ کو تبدیل کر سکتے ہیں۔ جیسے کہ' اِس جم میں' 'اس سالون میں' یا' اِس ریسٹورانٹ میں'۔

تمباکو نوشی سے ممانعت کا ایک نسبتاً چھوٹا بین الاقوامی سائن ، جس کا قطر کم از کم 70 ملی میٹر ہو ، اسے تمباکو نوشی کے دھوئیں سے پاک پریمیزز کے داخلے کے مقامات پر لگایا جا سکتا ہے جو :

- صرف عملے کے اراکین استعمال کرتے ہوں ۔ بشرطیکہ پریمیزز میں کم از کم A5 سائز کا ایک سائن لگا ہو۔
- تمباکو نوشی کے دھوئیں سے پاک کسی بڑے پریمیزز کے اندر ہو ں، جیسے کہ کسی اندورونی شاپنگ سینٹر میں ایک دکان ۔

## تمباکو نوشی کے دھوئیں سے پاک گاڑیوں کے لئے مطلوبہ سائن کونسے ہیں ؟

تمباکو نوشی کے دھوئیں سے پاک گاڑیوں کے ہر ایسے حصے میں تمباکو نوشی سے ممانعت کے سائن لگانے کی ضرورت ہو گی جن میں لوگوں کو لے جایا جا سکتا ہے۔ اس میں لازمی طور پر تمباکو نوشی سے ممانعت کا بین الاقوامی سائن دکھانا چاہئے جس کا قطر کم ازکم 70 ملی میٹر ہو۔

## میں یہ سائن کہاں سے حاصل سکتا رسکتی ہوں ؟

نئے قانون کی تعمیل میں آپ کی مدد کے لئے ، ہم نے اس گائیڈ کے ساتھ تمباکو نوشی سے ممانعت کے ایسے سائن مفت فراہم کئے ہیں جو نئے قانون کے تقاضوں پر پورا اترتے ہیں۔ اضافی سائن اِس وَیب سائٹ سے ڈاؤن لوڈ اور شائع یا آرڈر کئے جا سکتے ہیں **smokefreeengland.co.uk/resourses** ۔سموک فری انگلینڈ کی معلوماتی لائن کے اِس نمبر پر بھی سائن آرڈر کئے جا سکتے ہیں 0800 169 169 7۔

بصورتِ دیگر ، آپ خود بھی تمباکو نوشی سے ممانعت کے سائن ڈیزائن کر سکتے ہیں بشرطیکہ وہ کم از کم تقاضوں پر پورا اترتے ہوں۔

> تمباکو نوشی سے ممانعت کے بین الاقوامی سائن میں کم از کم **70** ملی میٹر قطر کے دائرے میں صرف ایک سلگتا ہوا سگریٹ ہوتا ہے اور اس کے درمیان سے ایک سرخ فیتا گزرتا ہے۔




مقامی کونسلیں اس بات کا اطمینان کرنے کے لئے کاروباروں کے ساتھ قریبی طور پر کام کریں گی کہ ہر کوئی تمباکو نوشی کے دھوئیں سے آزادی سے ممانعت کے قانون کے لئے تیار ہے۔

# تمباکو نوشی کے دھوئیں سے ممانعت
## کانیا قانون کس طرح نافذ کیا جائے گا؟

انگلینڈ میں مقامی کونسلیں [1] نئے قانون کے نفاذ کے لئے ذمہ دار ہوں گی۔ وہ یکم جولائی تک اس بات کا اطمینان کرنے میں مدد کے لئے کاروباروں کے ساتھ قریبی طور پر کام کریں گی کہ ہرکسی کو معلوم ہے کہ انہیں تمباکو نوشی کے دھوئیں سے پاک بننے کے لئے کیا کرنے کی ضرورت ہے۔

نفاذ کی طرف اُن کا رجحان ، نئے قانون کی تعمیل کرنے میں کاروباروں کی مدد پر مبنی ہوگا۔ تاہم ، انہیں یہ معلوم کرنے کے لئے پریمیزز میں داخل ہونے یا گاڑیوں پر چڑھنے کا قانونی اختیار حاصل ہوگا کہ نئے قانون کی تعمیل کی جا رہی ہے۔

**اگر آپ کسی ایسے پریمیزز یا گاڑی کی دیکھ بھال کرتے ہیں یا ان کے انچارج ہیں ، جن پر نیا قانون لاگو ہوتا ہے ، تو آپ پر اِس بات کا اطمینان کرنے کی قانونی ذمہ داری عائد ہوگی کہ وہ تمباکو نوشی کے دھوئیں سے پاک ہوں اور پاک رہیں۔**

یکم جولائی 2007 سے ملازمین اورعوام کے لئے قانون کی ممکنہ خلاف ورزیوں کی رپورٹ کرنے کے لئے ایک ٹیلیفون لائن (0800 587 1667) بھی چلائی جائے گی۔ یہ معلومات مناسبت کے لحاظ سے تعاقب کرنے کے لئے مقامی کونسلوں کو فراہم کر دی جائے گی ۔

تمباکو نوشی کے دھوئیں سے پاک دیگر ممالک، جیسے کہ آئر لینڈ ، اسکاٹ لینڈ اور نیوزی لینڈ میں تعمیل کی شرح اونچی ہے، اور قوانین تیزی سے خود بخود نافذ ہونے لگتے ہیں۔

اگر آپ اس بارے میں کوئی خاص سوال کرنا چاہتے ہیں کہ نیا قانون آپ کے کاروبار پر کس طرح اثرانداز ہوگا ، تو برائے مہربانی اپنی مقامی کونسل سے رابطہ کیجئے۔

### قانون کی خلاف ورزی کرنے کے لئے کیا جرمانے ہیں ؟

کوئی بھی ایسا شخص جو تمباکو نوشی کے دھوئیں سے آزادی کے نئے قانون کی تعمیل نہیں کرے گا وہ ایک فوجداری جرم کرے گا۔ ہرجرم کے لئے مقررہ سزا کا نوٹس اور زیادہ سے زیادہ جرمانے کی فہرست نیچے دی گئی ہے ۔

| جرم | کون ذمہ دار ہے ؟ | مقررہ جرمانے کا نوٹس (اگر 15 دنوں میں ادا کیا جائے) | مقررہ جرمانے کا نوٹس (اگر 29 دنوں میں ادا کیا جائے) | عدالت کی طرف سے کیا جانے والا جرمانہ |
|---|---|---|---|---|
| تمباکو نوشی کے دھوئیں سے پاک پریمیزز میں تمباکو نوشی کرنا | کوئی بھی شخص جو تمباکو نوشی کے دھوئیں سے پاک جگہ میں تمباکو نوشی کرے | £30 | £50 | £200 تک |
| تمباکو نوشی سے ممانعت کے مطلوبہ سائن لگانے میں کوتاہی کرنا | کوئی بھی شخص جو تمباکو نوشی کے دھوئیں سے پاک پریمیزز یا گاڑی کی دیکھ بھال کرتا ہو یا اس پر قابض ہو | £150 | £200 | £1000 تک |
| تمباکو نوشی کے دھوئیں سے پاک جگہ میں تمباکو نوشی کی روک تھام میں کوتاہی کرنا | کوئی بھی شخص جو تمباکو نوشی کے دھوئیں سے پاک پریمیزز یا گاڑی کی دیکھ بھال کرتا ہو یا اسے کنٹرول کرتا ہو | اطلاق نہیں ہوتا | اطلاق نہیں ہوتا | £2500 تک |

مقررہ جرمانے کے نوٹس میں جرم کی تفصیلات اور اسے ادا کرنے کے طریقے سے متعلق معلومات شامل ہوتی ہیں۔ کوئی بھی ایسا شخص جسے مقررہ جرمانے کا نوٹس موصول ہو ، وہ معاملے سے عدالت کے ذریعے نمٹنے کا انتخاب کر سکتا ہے۔ اگر کوئی شخص مقررہ جرمانے کا نوٹس ادا نہ کرے ،معاملے سے نمٹنے کے لئے اِسے عدالت میں بھی بھیجا جا سکتا ہے۔

[1] پورٹس پر ، قانون کو لوکل پورٹ ہیلتھ اتھارٹی نافذ کرے گی ۔

# کیا نئے قانون سے استثنائیں ہیں ؟

صرف چند پریمیزز تمباکو نوشی کے دھوئیں سے آزادی کے نئے قانون سے مستثنیٰ ہوں گے ، اور تمام استثنا ؤں پر سخت شرائط کا اطلاق ہوتا ہے ۔ استثنائیں خاص حالات کی حامل کام کی جگہوں کے لئے استثناعتیں فراہم کی گئی ہیں۔

استثنائیں اِس لئے فراہم کی جاتی ہیں تا کہ منیجر درجِ ذیل قسم کے قریمیزز میں تمباکو نوشی کے لئے خاص کمرے مقرر کر سکیں:

- ہوٹل ، مہمان خانے اور ارکان کے کلب جو سونے کے لئے رہائش گاہ فراہم کرتے ہیں وہ تمباکو نوشی کے لئے انفرادی مہمانوں کے کمروں کو تمباکو نوشی کے لئے مقرر کر سکتے ہیں ، لیکن پریمیزز کے دیگر تمام حصے تمباکو نوشی کے دھوئیں سے لازمی طور پر پاک ہونے چاہئیں۔ مشترکہ رہائشی کمرے اور مشترکہ استعمال کی دیگر رہائش گاہیں جو علیحدہ انتظامات کے تحت مہیا کی جاتی ہیں ان کا تمام اوقات میں تمباکو نوشی کے دھوئیں سے پاک ہونا ضروری ہے۔
- کیئر ہومز[1] ، ہاسپس[2] اور قید خانے سونے کے انفرادی کمرے یا دیگر کمرے صرف 18 برس سے زیادہ عمر کے افراد کے استعمال کے لئے تمباکو نوشی کے لئے مخصوص کر سکتے ہیں۔
- ریذیڈنشل مینٹل ہیلتھ یونٹس[3] سونے کے انفرادی کمرے یا دیگر کمرے صرف 18 برس سے زیادہ عمر کے افراد کے استعمال کے لئے تمباکو نوشی کے لئے مخصوص کر سکتے ہیں۔ یہ استثناء صرف یکم جولائی 2008 تک لاگو ہو گی ، جب اِن پر تمباکو نوشی کے دھوئیں سے پاک ہونا لازم ہو جائے گا۔
- آف شور اِنسٹالیشنز[4] صرف تمباکو نوشی کے استعمال کے لئے کمروں کو مخصوص کر سکتی ہیں۔
- تمباکو کی خصوصی دکانیں[5] دکان کے پریمیزز کے اندر لوگوں کو سگار کے نمونے یا پائپ کے تمباکو کے چھوٹے سے نمونے کی اجازت دے سکتی ہیں۔ کسی بھی اور چیز ، بشمول سگریٹ کو تمباکو کی طرح پینے پر پابندی لگائی جائے گی۔
- ریسرچ اور ٹیسٹ کرنے کی سہولیات بعض کمروں کو صرف تمباکو نوشی کے لئے مخصوص کر سکتی ہیں، جب یہ کمرے تمباکو نوشی کے دھوئیں سے آزادی کے نئے قانون میں مذکورہ کسی ریسرچ یا آزمائشی سرگرمیوں کے لئے استعمال کئے جا رہے ہوں۔

1 کیئر ہومز ( دیکھ بھال کرنے والے رہائشی گھر) جیسے کہ کیئر اسٹینڈرڈز ایکٹ 2000 کے سیکشن 3 میں بیان کیا گیا ہے۔
2 ہاسپس جو اپنے کلی یا خاص مقصد کے تحت وہاں مقیم ایسے افراد کے لئے تخفیفی دیکھ بھال فراہم کریں جو بڑھتی ہوئی بیماری کے آخری مراحل پر ہوں۔
3 ریذیڈنشل مینٹل ہیلتھ یونٹ کا مطلب کوئی بھی ایسا ادارہ ( یاکسی ادارے کا حصہ) ہے جسے مکمل طور پر یا زیادہ تر اُن افراد کے استقبال یا علاج کے لئے رکھا جائے جو کسی بھی قسم کے دماغی خلل میں مبتلا ہوں، جیسے کہ مینٹل ہیلتھ ایکٹ 1983 کے سیکشن (2)1 میں بیان کیا گیا ہے۔
4 آف شور تنصیبات ، جیسے کہ آف شور انسٹا لیشنز اینڈ پائپ لائن ورکس ( مینجمنٹ اینڈ ایڈمنسٹریشن ) ریگولیشنز 1995 کے ریگولیشن 3 میں بیان کیا گیا ہے۔
5 صرف وہ اسپیشلسٹ ٹیکونسٹ اسٹور جو ٹوبیکو ایڈورٹائزنگ اینڈ پروموشن ایکٹ 2002 کے سیکشن (2)6 کی تعریف پر پورا اترتے ہوں۔

## تمباکو نوشی کے مخصوص کمروں کے لئے کن شرائط پر پورا اترنا لازمی ہے؟

صفحہ 16 پر بیان کئے گئے مخصوص کمروں یا بیڈ رومز میں سے کسی میں تمباکو نوشی کی اجازت دینے کے لئے ،پریمیز ز کو کنٹرول یا اس کی دیکھ بھال کرنے والے فرد پر اس بات کا اطمینان کرنے کی ذمہ داری ہو گی کہ درجِ ذیل شرائط کو پورا کیا جا رہاہے۔

جس بھی کمرے میں تمباکو نوشی کی اجازت دی جائے ، لازمی ہے کہ :

- عمارت کا انچارج فردتحریری طور پر اس کا تقرر کرے ۔ اس تحریری تقرر کومستقل طور پر رکھنے کی ضرورت ہے اور اگر درخواست کی جائے تو اِنفورسمنٹ آفیسر کی طرف سے معائنے کے لئے فراہم کرنا ضروری ہے۔ اس شرط کا اطلاق اسپیشلسٹ ٹوبیکونسٹ دکانوں پرنہیں ہوتا
- اِس میں اندرونی چھت ہو، اور دروازوں اور کھڑکیوں کے علاوہ ، تمام اطراف سے فرش سے چھت تک ٹھوس دیواروں کے ذریعےمکمل طور پر بند ہو۔
- اس میں ہوا داری کے ایسے سسٹم نہ ہوں جو پریمیز ز کے کسی دوسرے حصے (سوائے ایسے دیگر کمروں کے جوتمباکو نوشی کے لئے مقرر کئے گئے ہوں) یا تمباکو نوشی کے دھوئیں سے پاک کسی دوسرے پریمیز ز میں ہوا کی آمدورفت کریں ۔
- اِن میں میکانیکی طور پربند ہونے والے دروازے لگے ہوں ، جنہیں بھی دوسرے قوانین بشمول آتشزدگی کے دستورات کے مطابق ہونا چاہئے ۔ اس شرط کا اطلاق جیلوں پرنہیں ہوتا ۔
- اس پر واضح طور پر یہ نشاندہی ہونی چاہئے کہ یہ وہ کمرہ ہے جس میں تمباکو نوشی کی اجازت ہے۔ آپ لوگوں کواس بارے میں خبر دار کرنے کے لئے اپنے سائن تیار کرسکتے ہیں کہ وہ کہاں دوسروں کی تمباکو نوشی کے دھوئیں کے زیر اثر ہوں گے۔

اگر مذکورہ بالا تمام شرائط پر پورا نہ اترا گیا ، تو کمرے کوتمباکونوشی کے لئے استعمال نہیں کیا جا سکتا اور اسے ہر وقت تمباکو نوشی کے دھوئیں سے پاک ہونا ہو گا۔ یہ پریمیز ز کوکنٹرول کرنے یا اس کی دیکھ بھال کرنے والے ہرفرد کی قانونی ذمہ داری ہے کہ جن حصوں کوتمباکو نوشی کے دھوئیں سے پاک رکھنے کا تقاضا کیا جاتا ہے وہاں پر لوگوں کوتمباکو نوشی سے باز رکھے۔

اگر آپ کو اِس بارے میں کوئی شبہ ہوکہ آپ جن کمروں کوتمباکو نوشی کے لئے مخصوص کرنا چاہتے ہیں آیاوہ مذکورہ بالا شرائط پر پورا اتریں گے ، تو آپ کو مشورہ دیا جاتا ہے کہ آپ اپنی تجاویز کے بارے میں قبل از وقت اپنی مقامی کونسل سے بات چیت کریں۔

جن صورتوں میں ' صرف تمباکو نوشی کے لئے استعمال کئے جانے والے کمرے' کا تقرر کیا جا سکتا ہے ( صفحہ 18 دیکھئے) اس کا مطلب یہ ہے کہ اُس کمرے کوکسی اور مقصد کے لئے مثلاً ٹیلی ویژن کے کمرے یا لائبریری کے طور پر استعمال نہیں کیا جا سکتا ۔

اگرچہ قانون اِن استثناؤں کی سہولت فراہم کرتا ہے ، کام کی کسی بھی جگہ پرتمباکو نوشی کےمخصوص کمرے یا بیڈ روم فراہم کرنے کی قانونی ذمہ داری عائد نہیں ہوتی اگر وہ ایسا نہ کرنا چاہیں۔

آجروں پر یہ قانونی ذمہ داری عائد رہے گی کہ وہ کام پرصحت اور تحفظ کے موجودہ قوانین کے مطابق اپنے ملازمین کی صحت ، تحفظ اور بہبود کی حفاظت کریں۔ مزید مشورے کے لئے صفحہ 18 دیکھئے)۔

### اداکار

جہاں کسی پرفارمنس کی فنکارانہ سالمیت اُس ادارکاری میں حصہ لینے والے کسی شخص کے لئے تمباکو نوشی کو مناسب قرار دے ، توصرف پرفارمنس کے دوران عمارت کے جس حصے میں وہ شخص اداکاری کرے گا اُس کے لئے لازمی نہیں کہ وہ اداکار کے لئے تمباکو نوشی کے دھوئیں سے پاک ہو ۔ اِس استثناء کا اطلاق ریہرسلوں پرنہیں ہوتا ۔

اداکار اور عمارت کوکنٹرول یا اس کی دیکھ بھال کرنے والا فرد نئے قانون کے تقاضوں پر پورا اترنے کے لئے ذمہ دار ہے۔ اگر قانون کے تقاضوں کو پورا نہیں کیا جاتا توجرم کے مطابق دونوں فریقین کو جرمانے یا مقدمے کا خطرہ لاحق ہوسکتا ہے۔ ہم مشورہ دیتے ہیں کہ آپ مزید مشورے کے لئے وقت سے پہلے اپنی مقامی کونسل کے ساتھ اپنی تجاویز کے بارے میں پیشگی بات چیت کریں۔

## اُن ملازمین کی صحت اور تحفظ کے بارے میں کیا کہتے جو استثناء کے حامل پریمیزز میں کام کرتے ہیں؟

تمباکونوشی کے دھوئیں کے نئے قانون کے ساتھ بھی ، آجروں پرکام پر صحت اور تحفظ کے قانون کے تحت دیکھ بھال کا عمومی فرض عائد ہوگا ۔ جہاں ملازمین کو اُن کے کام کی جگہ پر دوسروں کی تمباکو نوشی کے دھوئیں کا سامنا کرنے سے بچایا نہ جا سکے ، وہاں آجر کو اس بات پر غور کرنے کی ضرورت ہو گی کہ ملازم پردھوئیں کے اثر کوکم کرنے یا بصورتِ دیگر ملازم کو دوسروں کی تمباکو نوشی کے ھوئیں کے اثرات سے محفوظ رکھنے کے لئے کیااقدامات کرنے کی ضرورت ہے۔

کام پر صحت او رتحفظ کے بارے میں مزید معلومات ہیلتھ اینڈ سیفٹی ایگزیکیٹو کی اِس وَیب سائٹ **hse.gov.uk** سے یا اس نمبر پر فون کے ذریعے حاصل کی جا سکتی ہیں 0845 345 0055 ۔



# اکثر پوچھے جانے والے سوالات

**تمباکو نوشی کے دھوئیں سے آزادی کا نیا قانون کب شروع ہوگا ؟** اتوار ، یکم جولائی 2007 ۔

**نیا قانون کون نافذ کرے گا ؟** مقامی کونسلیں اور پورٹ ہیلتھ اتھارٹیز نیا قانون نافذ کریں گی اور اُن کے پاس قانون نافذ کرنے والے افسروں کو مقرر کرنے کا اختیار ہوگا ، جیسے کہ انوائرنمنٹل ہیلتھ آفیسرز ، ٹریڈنگ اسٹینڈرڈز یا لوکل کمیونٹی سپورٹ آفیسرز ۔

**کیا اس قانون کا اطلاق صرف سگریٹ پر ہوتا ہے ؟** نہیں ، اِس میں وہ تمام اشیاء شامل ہیں جنھیں کوئی شخص تمباکو نوشی کی طرح استعمال کر سکتا ہے۔ ان میں کارخانے میں تیار کردہ سگریٹ ، ہاتھ سے رول کر کے بنائے گئے سگریٹ ، پائپ ، سگار ، نباتاتی سگریٹ اور واٹر پائپ ( بشمول شیشہ ، حقہ اور ہبل ببل پائپ ) شامل ہیں۔

**کیا میں اب بھی عملے کے لئے تمباکو نوشی کا کمرہ رکھ سکتا رسکتی ہوں ؟** نہیں ، لیکن آپ باہر تمباکو نوشی کی جگہ ( شیلٹر ) رکھ سکتے ہیں ، بے شک آپ سے ایسا کرنے کا تقاضا نہیں کیا جاتا ۔ اگر آپ ایسا کرنے کا فیصلہ کریں تو آپ کو اس بات کا اطمینان کرنے کی ضرورت ہوگی کہ یہ' بند'یا ' کافی حد تک بند' نہیں ہے ۔ ہوسکتا ہے آپ کو دیگر معاملات پر بھی غور کرنا پڑے جیسے کہ پلاننگ ، لائسنسنگ اور بلڈنگ کنٹرول ، شور اور کوڑا کرکٹ ۔

**کیا میں اپنی گاڑی میں تمباکو نوشی کر سکتا رسکتی ہوں ؟** ہاں ، نئے قانون میں وہ گاڑیاں شامل نہیں ہیں جو زیادہ تر نجی مقاصد کے لئے استعمال ہوں۔

**میں کام کی گاڑی تمباکو نوشی کرنے والے کسی دوسرے فرد کے ساتھ مل کر استعمال کرتا رکرتی ہوں ۔ کیا ہم پھر بھی تمباکو نوشی کر سکتے ہیں ؟** نہیں، قانون تمباکونوشی کرنے والوں اور تمباکو نوشی نہ کرنے والے افراد کو دوسروں کی تمباکو نوشی کے دھوئیں سے بچانے کے لئے وضع کیا گیا ہے۔ کام کی صرف اُن گاڑیوں میں تمباکو نوشی کرنے کی اجازت دی جائے گی جو صرف ڈرائیور کے استعمال کے لئے ہوں اور جنھیں کوئی بھی دوسرا شخص کام کے لئے ڈرائیور یا مسافر کی حیثیت سے استعمال نہ کرے۔

**میں گھر سے کام کرتا رکرتی ہوں ۔ کیااسے بھی تمباکو نوشی سے پاک ہونا ہوگا ؟** اگر ایک سے زیادہ افرادنجی گھر کے کسی بھی حصے کو محض کام کی جگہ کے طور پر استعمال کرتے ہیں ، تو اسے تمباکو نوشی کے دھوئیں سے پاک ہونا ہوگا ۔

**کیا تمباکو نوشی کے دھوئیں سے ممانعت کے نئے قانون کا اطلاق رضاکارانہ کام کے لئے استعمال کئے جانے والے پریمیزز اور گاڑیوں پر بھی ہوتا ہے ؟** ہاں ، نئے قانون کا اطلاق ہر کام پر ہوتا ہے، بشمول رضاکارانہ کام ۔

**میں کبھی کبھار اپنی پرائیویٹ کار رضاکارانہ کام کے لئے استعمال کرتا رکرتی ہوں ، کیا اِسے بھی تمباکو نوشی کے دھوئیں سے پاک ہونا ہوگا ؟** نہیں ، جو گاڑیاں زیادہ تر نجی مقاصد کے لئے استعمال کی جاتی ہیں ، اُن کے لئے تمباکو نوشی کے دھوئیں سے پاک ہونا لازمی نہیں ہے۔

**کیا تاریخی ورثہ کے پریمیزز میں تمباکو نوشی سے ممانعت کے سائن لگانے کی ضرورت ہے؟** جن پریمیزز کے لئے لازمی ہوگا کہ وہ تمباکو نوشی کے دھوئیں سے پاک ہوں، وہاں تمباکونوشی سے ممانعت کے ایسے سائن داخلے کے مقامات پر واضح طور پر لگانے کی ضرورت ہوگی جو نئے قانون کے تقاضوں پر پورا اترتے ہوں۔ نیا قانون اس لچک کی اجازت دیتا ہے کہ سائن کو اس طرح وضع کیا جائے یا لگایا جائے جو عمارت کی سجاوٹ کے حساب سے مناسب ہوں۔

**میں مزید معلومات کہاں سے حاصل کرسکتا رسکتی ہوں ؟** مزید معلومات کے لئے یہ وَیب سائٹ دیکھئے **smokefreeengland.co.uk** یا سموک فری انگلینڈ کی معلوماتی لائن کو اس نمبر پر فون کیجئے **0800 169 169 7** ۔ آپ اپنی مقامی کونسل سے بھی مشورے اور مدد کی درخواست کر سکتے ہیں۔

NHS

# تمباکو نوشی کے دھوئیں سے آزادی کی پالیسی

## مقصد

اِس پالیسی کو تمام ملازمین ، سروس استعمال کرنے والوں ، خریداروں اور ملاقاتیوں کو دوسروں کی تمباکو نوشی کے دھوئیں سے محفوظ رکھنے اور ہیلتھ ایکٹ 2006 کی تعمیل میں مدد کے لئے تشکیل کیا گیا ہے۔

دوسروں کی تمباکو نوشی کے دھوئیں کا سامنا کرنے سے پھیپھڑوں کے سرطان ، دل کی بیماری اور دیگر سنگین بیماریوں کا خطرہ بڑھ جاتا ہے۔ ہواداری یا ایک ہی جگہ میں تمباکو نوشی کرنے والوں کو تمباکو نوشی نہ کرنے والوں سے علیحدہ کرنے سے امکانی طور پر خطرناک اثر مکمل طور پر ختم نہیں ہوتا ۔

## پالیسی

کمپنی کا نام لکھیے

یہ ............................................ کی پالیسی ہے کہ ہماری کام کی جگہیں تمباکو نوشی کے دھوئیں سے پاک ہوں ، اور تمام ملازمین کو تمباکو نوشی کے دھوئیں سے پاک ماحول میں کام کرنے کا حق حاصل ہو۔ یہ پالیسی بروز اتوار یکم جولائی 2007 کونافذ کی جائے گی۔ کام کی جگہ میں تمام بند یا خاصی حد تک بند جگہوں میں تمباکو نوشی کی ممانعت ہو گی۔ اس میں کمپنی کی گاڑیاں بھی شامل ہیں۔ اِس پالیسی کا اطلاق تمام ملازمین ، کنسلٹنٹس ، کانٹریکٹرز ، خریداروں یاارکان یا ملاقاتیوں پر ہوتا ہے۔

## نفاذ

مینجر کا نام لکھیے

پالیسی کے نفاذ اور نظرثانی کی مجموعی ذمہ داری ............................................ کی ہے۔ تاہم ، تمام عملے پر یہ ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ وہ اس پالیسی کی تعمیل کریں اور اس کے نفاذ میں مدد کریں۔ مذکورہ بالا فرد تمام موجودہ ملازمین ، کنسلٹنٹس اور کانٹریکٹرز کو پالیسی اور پالیسی کے نفاذ اور اس کی نگرانی میں ان کے کرادر کے بارے میں مطلع کرے گا۔ وہ نئے عملے کو بھی ملازمین کو بھرتی کرنے رانڈکشن ( تعارفی ملاقات ) سے متعلق پالیسی کی ایک کاپی بھی دیں گے۔

پریمیزز میں داخل ہونے کے مقامات اور پریمیزز کے اندر ، اور تمباکو نوشی کے دھوئیں سے پاک تمام گاڑیوں میں 'تمباکو نوشی سے ممانعت' کے مناسب سائن لگائے جائیں گے۔

## عدم تعمیل

اگر عملے کا کوئی ممبر اِس پالیسی کی تعمیل نہیں کرے گا تو مقامی انضباطی طریقۂ کار پر عمل کیا جائے گا۔ جو لوگ تمباکو نوشی کے دھوئیں سے آزادی کے قانون پر عمل نہیں کرتے انہیں ایک مخصوص جرمانہ بھی کیا جا سکتا ہے اور ممکن ہے کہ ان کے خلاف مقدمہ بھی کیا جائے۔

## تمباکو نوشی ترک کرنے میں مدد

این ایچ ایس کا ادارہ تمباکو نوشی کرنے والوں کو اِسے ترک کرنے میں مدد کے لئے مختلف سروسز فراہم کرتا ہے۔ یہ وَیب سائٹ ملاحظہ کیجئے gosmokefree.co.uk یا تفصیلات کے لئے این ایچ ایس سموکنگ ہیلپ لائن کو اس نمبر پر فون کیجئے 169 0 169 0800۔ بصورتِ دیگر آپ اپنی مقامی اسٹاپ سموکنگ سروس کے بارے میں جاننے کے لئے 88088 پر 'GIVE UP' اور اپنا مکمل پوسٹ کوڈ ٹیکسٹ کر سکتے ہیں۔

دستخط ............................................ تاریخ ............................................

کمپنی کا نام لکھیے

منجانب کمپنی ............................................

SMOKEFREE

# تمباکو نوشی کے دھوئیں سے پاک جگہ میں
## تمباکو نوشی سے کس طرح نمٹا جائے

اگر آپ تمباکو نوشی کے دھوئیں سے پاک پریمیز اور / یا گاڑیوں کے اِنچارج ہیں، آپ پر قانونی ذمہ داری عائد ہو گی کہ آپ لوگوں کو اِن میں تمباکو نوشی کرنے سے باز رکھیں۔ اگر کوئی شخص کسی بھی ایسے پریمیز یا گاڑی میں تمباکو نوشی کرے جس کے لئے آپ ذمہ دار ہوں، تو یہاں کچھ عملی اقدامات دیئے گئے ہیں جن پر آپ اُن سے نمٹنے کے لئے عمل کر سکتے ہیں۔

تمباکو نوشی سے ممانعت کے سائن کی طرف اشارہ کیجئے اور اُس شخص سے تمباکو نوشی بند کرنے یا باہر جانے کی درخواست کیجئے۔

↓

انہیں بتایئے کہ اگر آپ نے انہیں تمباکو نوشی کرنے دی تو آپ ایک جرم کریں گے، اور وہ تمباکو نوشی کے دھوئیں سے آزادی کے پریمیز یا گاڑی میں تمباکو نوشی کر کے قانون کی خلاف ورزی کر رہے ہیں، اور دونوں فریقوں کو جرمانہ ہو سکتا ہے۔

**اگر کوئی ملازم تمباکو نوشی بند کرنے سے انکار کرے تو:**

↓

انہیں یاد دہانی کروایئے کہ نیا قانون ملازمین اور پبلک کو دوسروں کی تمباکو نوشی کے دھوئیں کے نقصان دہ اثرات سے محفوظ رکھنے کے لئے ہے۔

↓

اگر ضروری ہو تو، اپنی کمپنی کی تمباکو نوشی کی پالیسی پر عمل نہ کرنے کے لئے اپنے انضباطی طریقۂ کار پر عمل کیجئے۔

**اگر کوئی خریدار تمباکو نوشی بند کرنے سے انکار کرے:**

↓

ان پر وضاحت کیجئے کہ اگر انہوں نے تمباکو نوشی جاری رکھی تو عملہ انہیں سروس فراہم کرنے سے انکار کر دے، اور انہیں آپ کے پریمیز سے نکلنے کے لئے کہا جائے گا۔

↓

اگر وہ نہ جائیں، تو اپنے پریمیز میں سماج دشمن برتاؤ کے لئے اپنے عام طریقۂ کار پر عمل کیجئے۔

↓

اس بات کا ریکارڈ رکھئے کہ واقعہ کہاں اور کب رونما ہوا تھا اور اس میں ملوث شخص کا نام اور نتیجے کا بھی ریکارڈ رکھئے۔

اگر تمباکو نوشی کرنے والے فرد کی طرف سے جسمانی تشدد کی دھمکی دی جائے، تو ہم مشورہ دیتے ہیں کہ آپ پولیس کو مطلع کریں اور / یا ان سے مدد طلب کریں۔

# پڑتال کی فہرست

جب اتوار یکم جولائی 2007 کو انگلینڈ تمباکو نوشی کے دھوئیں سے پاک ہو جائے گا تو آپ کو درج ذیل اقدامات کرنے کی ضرورت ہو گی :

- ☑ اس بات کا اطمینان کرنے کے لئے مناسب اقدامات کیجئے کہ عملے ، خریداروں ، ارکان اور ملاقاتیوں کو معلوم ہے کہ پریمیزز اور گاڑیوں کے لئے قانوناً لازمی ہے کہ وہ تمباکو نوشی کے دھوئیں سے پاک ہوں۔
- ☑ موجودہ تمباکو نوشی کرنے والے سب کمروں کو بند کر دیجئے۔
- ☑ تمباکو نوشی کے دھوئیں سے پاک پریمیزز اور گاڑیوں میں ' تمباکو نوشی سے ممانعت ' کے سائن لگائیے۔
- ☑ اس بات کا اطمینان کیجئے کہ تمباکو نوشی کے دھوئیں سے آزاد پریمیزز اور گاڑیوں میں کوئی بھی شخص تمباکو نوشی نہ کرے۔

ہو سکتا ہے آپ درج ذیل اقدامات بھی کرنا چاہیں :

- ☑ عملے کے ساتھ مشاورت کے ساتھ تمباکو نوشی کے دھوئیں سے آزادی کی پالیسی تشکیل کرنا۔
- ☑ تمباکو نوشی ترک کرنے کے لئے اپنے عملے اور کسٹمرز کو مدد فراہم کرنا ۔

## سموک فری انگلینڈ کی معلوماتی لائن

# 0800 169 169 7

## ہماری یہ وَیب سائٹ ملاحظہ کیجئے

# smokefreeengland.co.uk

# تمباکو نوشی کرنے والے اُن افراد کے لئے مدد
# جوتمباکو نوشی ترک کرنا چاہتے ہیں

تمباکو نوشی کرنے والے تقریباً 70% افراد کہتے ہیں کہ وہ تمباکو نوشی ترک کرنا چاہتے ہیں اور تمباکو نوشی کے دھوئیں سے آزادی کا نیا قانون ایسا کرنے میں مزید تحریک فراہم کر سکتا ہے۔ اگر آپ تمباکو نوشی ترک کرنے میں اپنے عملے یا خریداروں کی مدد کرنا چاہتے ہیں ، این ایچ ایس سے بہترین مفت مدد دستیاب ہے ۔اس میں درج ذیل شامل ہے :

- **لوکل این ایچ ایس اسٹاپ اسموکنگ سروسز ( تمباکو نوشی ترک کرنے سے متعلق این ایچ ایس کی مقامی خدمات )** ۔ اپنی مقامی سروس کا پتہ لگانے کے لئے این ایچ ایس اسموکنگ ہیلپ لائن کو اس نمبر پر مفت فون کیجئے 0800 169 0 169، یہ وَیب سائٹ دیکھئے **gosmokefree.co.uk**، 88088 پر 'GIVE UP' اور اپنا پورا پوسٹ کوڈ ٹیکسٹ کیجئے ، یا اپنے مقامی جی پی کی پریکٹس، فارمیسی یا اسپتال میں دریافت کیجئے ۔
- **این ایچ ایس اسموکنگ ہیلپ لائن** ۔ اس نمبر پر فون کر کے کوئی بھی شخص کسی ماہر مشیر سے بات کر سکتا ہے 0800 169 0 169 (لائنیں روزانہ صبح 7 بجے سے رات 11 بجے تک کھلی ہوتی ہیں)۔
- **gosmokefree.co.uk** ۔ ترک کرنے اور اس سے باز رہنے سے متعلق تمام مشوروں ، معلومات اور مدد کے لئے اِنٹرنیٹ پر ایک ذریعہ ۔
- **ٹوگیدَر** : اس پروگرام میں شامل ہونا مفت ہے ، اور اِسے طبّی ریسرچ اور سابقہ تمباکو نوشی کرنے والوں کے گہرے علم کو استعمال کرتے ہوئے تمباکو نوشی ترک کرنے میں افراد کی مدد کرنے کے لئے وضع کیا گیا ہے۔ آپ ای میل ، ٹیکسٹ میسیج ، ڈاک کے ذریعے پیک حاصل کرنے اور فون کالوں میں سے کوئی بھی راستہ اختیار کر سکتے ہیں۔ تفصیلات کے لئے این ایچ ایس اسموکنگ ہیلپ لائن کو اس نمبر پر فون کیجئے 0800 169 0 169 یا یہ وَیب سائٹ ملاحظہ کیجئے **gosmokefree.co.uk**
- آجر دفتری اوقات کے دوران یا ان سے باہر اپنے ملازمین کے لئے مدد کے بارے میں اپنی مقامی این ایچ ایس اسٹاپ سموکنگ سروس سے بات کر سکتے ہیں۔

**انگلینڈ میں تمباکو نوشی کے دھوئیں سے آزادی کے نئے قانون کے بارے میں مزید معلومات حاصل کرنے یا اس دستاویز کو متبادل شکلوں میں حاصل کرنے کے لئے ہماری وَیب سائٹ ملاحظہ کیجئے : smokefreeengland.co.uk یا اسموک فری انگلینڈ کی معلوماتی لائن کو اس نمبر پر فون کیجئے 0800 169 169 7 یا اپنی مقامی کونسل سے رابطہ کیجئے۔**

SMOKEFREE

281238/0407/6000BY